# 2911E855

Candidate's Seat No :________

**M.A Sem-3 Examination**

**505**

**Urdu (EA-Letter Writing)**

**Time : 2-30 Hours]** **November-2024** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ نجی خطوط نویسی کی اہمیت اور ضرورت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

SBI بینک نے عوامی اخبار میں ''منیجر'' کی آسامی کا اشتہار دیا ہے۔ آپ اپنی Application تحریر کیجئے۔

سوال : ۲ ایم۔اے۔ میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی حاصل کرنے پر اپنے دوست کو خط تحریر کیجئے۔ ۱۴

(یا)

آپ کے پسندیدہ شاعر سے متعارف کراتے ہوئے دہلی میں مقیم رسالے کے مدیر کو خط لکھئے۔

سوال : ۳ اخبار میں مدرس کے لئے عوامی اشتہار کے مدِ نظر اسکول کے صدر مدرس کو اپنی درخواست تحریر کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اردو کی عوامی لائبریری کی ملاقات کے بعد اس کے نظم و نسق کو بہتر بنانے کے لئے انتظامیہ کو خط لکھیں۔

سوال : ۴ چھٹیوں کے دوران گاؤں میں اپنی آمد اور قیام کے تعلق سے اپنے ماموں کو خط تحریر کیجئے۔ ۱۴

(یا)

آپ نے شہر احمد آباد میں ایک کل ہند اُردو سیمینار بعنوان ''فراق گورکھپوری: فن اور شخصیت'' میں شرکت کی۔ اس سیمینار کی روداد لکھنؤ میں مقیم رسالے کے مدیر کو لکھئے۔

سوال : ۵ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) وہ الفاظ جو القاب کے بعد تعظیم یا احترام میں لکھے جاتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟

(۲) خط کس زبان کا لفظ ہے؟

(۳) خطوط نویسی میں ''Body or Text'' کو کیا کہتے ہیں؟

(۴) خط لکھنے والے کو کیا کہا جاتا ہے؟

(۵) سرکاری مراسلہ کا بنیادی طور پر انگریزی روپ کیا کہلاتا ہے؟

(۶) عربی میں ڈاک کو کیا کہتے ہیں؟

(۷) (!) اس علامت کا نام کیا ہے؟

(۸) "Letter of Congratulation" کو اردو میں کیا کہتے ہیں

(۹) درخواست نویسی میں عام طور پر "العارض" کہاں لکھا جاتا ہے؟

(۱۰) مندرجۂ ذیل شعر کی تشریح کیجئے۔

وہ ساتھ تھا تو یہ دنیا حسین لگتی تھی

پھر اُس کے بعد مجھ کو لگا یہ جہاں خالی

(۱۱) مندرجۂ ذیل شعر کی تشریح کیجئے۔

نہ جانے کون سے رشتے کی ابتداء کی ہے

مرے حریف نے مرے حق میں دُعا کی ہے

(۱۲) مندرجۂ ذیل شعر کی تشریح کیجئے۔

دُشوریاں محیط تھیں ہر ہر قدم مگر

عزمِ سفر نے راستہ ہموار کر دیا

جام و سبو کی ہم کو ضرورت نہیں رہی

اُس کی نشیلی آنکھوں نے سرشار کر دیا

---تمام شد---